انٹر (پارٹ-I) لاہور بورڈ 2014

اردو (لازمی) پرچہ: I (معروضی طرز)

وقت: 20 منٹ (پہلا گروپ) کل نمبر: 20

نوٹ: ہر سوال کے چار ممکنہ جوابات A, B, C اور D دیئے گئے ہیں۔ جوابی کاپی پر ہر سوال کے سامنے دیئے گئے دائروں میں سے درست جواب کے مطابق متعلقہ دائرہ کو مار کر یا پین سے بھر دیجئے۔ ایک سے زیادہ دائروں کو پُر کرنے یا کاٹ کر پُر کرنے کی صورت میں مذکورہ جواب غلط تصور ہوگا۔

1- انسان کی اصلی چمک دمک ہے:

(A) عزت (B) غیرت (C) حکومت (D) ایمان

2- حضرت قمر کے نزدیک چائے میں دودھ ملانا کس نے شروع کیا:

(A) انگریزوں نے (B) رئیسوں نے (C) یورپین نے (D) امریکن نے

3- نوجوان نے بیڑے والے لڑکے کو کیا کہہ کر بلایا:

(A) پان بیڑی والے (B) پان والے (C) پان والا (D) بیڑی والا

4- دریائے راوی کہاں پایا جاتا ہے:

(A) شہر کے دائیں طرف (B) شہر کے بائیں طرف

(C) پلوں کے نیچے (D) شہر سے باہر

5- ہاتھی اپنے مہاوت کا ------- پہچانتا ہے:

(A) آسن (B) آنکس (C) انداز (D) طریقہ

6- مطلع کے لغوی معنی ہیں:

(A) طلوع ہونا (B) طلوع ہونے والا (C) طلوع ہونے کا مقام (D) افق

7- قافیہ کہتے ہیں:

(A) مختلف ہم آواز الفاظ کو (B) ہم معنی الفاظ کو

(C) ہو بہو الفاظ کو (D) مستقل کلمات کو

8- ''ردیف'' کس زبان کا لفظ ہے:

(A) اردو (B) فارسی (C) عربی (D) ہندی

9- پھرے راہ سے وہ یہاں آتے آتے۔۔ اجل مر رہی تو کہاں آتے آتے۔ اس شعر میں قافیہ ہے:

(A) کہاں (B) آتے (C) آتے آتے (D) اجل

10- مقطع ہوتا ہے:

(A) غزل کے آخر میں (B) غزل کے درمیان میں

(C) قصیدے کے شروع میں (D) غزل کے شروع میں

www.Say2Learn.com

11- مشبہ اور مشبہ بہ کو مجموعی طور پر کہا جاتا ہے:

(A) ارکان تشبیہ (B) حرفین تشبیہ (C) طرفین تشبیہ (D) مشبان

12- استعارہ کے ارکان ہوتے ہیں:

(A) دو (B) تین (C) چار (D) پانچ

13- بات جیسے صدائے خندہ گل۔۔چال جیسے خرام ابر بہار۔ یہ شعر علم بیان کی کس قسم کو ظاہر کر رہا ہے:

(A) تشبیہ (B) استعارہ (C) تلمیح (D) مجاز مرسل

14- اک روشن دماغ تھا نہ رہا۔۔شہر میں اک چراغ تھا نہ رہا۔ علم بیان کی کونسی قسم اس شعر میں نظر آتی ہے:

(A) تشبیہ (B) استعارہ (C) تلمیح (D) کنایہ

15- تلمیح کے معنی ہیں:

(A) وضاحت کرنا (B) اشارہ کرنا (C) تشریح کرنا (D) دلیل دینا

16- اس نے تاش------

(A) کھیلی (B) کھیلیں (C) کھیلے (D) کھیلا

17- اس حرف کے نیچے زیر کس نے-----

(A) لگائی (B) لگایا (C) لگائے (D) لگائیں

18- اس نلکے کا پانی-----ہے:

(A) کھاری (B) کھارا (C) کھارے (D) بھارا

19- اسے----:

(A) کھٹی ڈکاریں آتی ہیں (B) کھٹے ڈکار آتے ہیں

(C) کھٹا ڈکار آتا ہے (D) کھٹے ڈکار آئے

20- لڑکیوں نے کہا ''ہم نہیں جائیں------'':

(A) گی (B) گیں (C) گے (D) گا

www.Say2Learn.com

انٹر (پارٹ-I) لاہور بورڈ 2014ء

اردو (لازمی) — پرچہ: I (انشائیہ طرز)

وقت: 2.40 گھنٹے — (پہلا گروپ) — کل نمبر: 80

(حصہ اول)

2- (الف) درج ذیل اشعار کی تشریح کیجئے۔ نظم کا عنوان اور شاعر کا نام بھی تحریر کیجیے: 8,1,1

نہیں تیرے سوا، یہاں کوئی — میزباں تُو ہے، مہماں تُو ہے
رنگ تیرا، چمن میں بُو تیری — خوب دیکھا تو باغباں تُو ہے

(ب) درج ذیل اشعار کی تشریح کیجئے اور شاعر کا نام بھی تحریر کیجئے: 9,1

آفاق کی منزل سے گیا، کون سلامت — اسباب لٹا راہ میں، یاں ہر سفری کا
ہر زخم جگر داورِ محشر سے ہمارا — انصاف طلب ہے، تری بیداد گری کا
لے سانس بھی آہستہ، کہ نازک ہے بہت کام — آفاق کی اس کارگہ شیشہ گری کا

(حصہ دوم)

3- سیاق وسباق کے حوالے سے کسی ایک جزو کی تشریح کیجئے۔ مصنف کا نام اور سبق کا عنوان بھی تحریر کیجئے: 10,3,1,1

(الف) دوپہر ہی سے انہوں نے تیاریاں شروع کیں۔ حجامت بنائی۔ صابن سے نہائے۔ سر میں تیل ڈالا، دقت کپڑوں کی تھی۔ مدت گزری، جب انہوں نے ایک اچکن بنوائی تھی۔ اس کی حالت بھی ان کی سی تھی جیسے ذرا سی سردی یا گرمی سے انہیں زکام یا سر درد ہو جاتا تھا اسی طرح وہ اچکن بھی نازک مزاج تھی۔ اسے نکالا اور جھاڑ پونچھ کر رکھا۔

(ب) لاہور تک پہنچنے کے کئی راستے ہیں لیکن دو ان میں بہت مشہور ہیں، ایک پشاور سے آتا ہے، دوسرا دہلی سے۔ وسطی ایشیا کے حملہ آور پشاور کے راستے اور یوپی کے حملہ آور دہلی کے راستے وارد ہوتے ہیں۔ اوّل الذکر اہل سیف کہلاتے ہیں اور غزنوی یا غوری تخلص کرتے ہیں۔ مؤخر الذکر اہلِ زبان کہلاتے ہیں۔ یہ بھی تخلص کرتے ہیں اور اس میں ید طولیٰ رکھتے ہیں۔

4- کسی ایک نصابی سبق کا خلاصہ لکھئے اور مصنف کا نام بھی لکھئے: 9,1

(الف) چراغ کی لو۔ (ب) کیا واقعی دنیا گول ہے؟

5- دلاور فگار کی نظم ''لوکل بس'' کا خلاصہ تحریر کیجئے۔ 5

6- دو دوستوں کے درمیان نیوشن پڑھنے یا نہ پڑھنے کے حوالے سے ایک مکالمہ تحریر کیجئے۔ 10

یا

کالج میں ہونے والی ایک تقریب تقسیم انعامات کی روداد تحریر کیجئے۔

7- ڈسپنسری کے اجراء کے لیے ڈسٹرکٹ ہیلتھ آفیسر کے نام درخواست تحریر کیجئے۔ 10

8- درج ذیل عبارت کی تلخیص کیجئے اور مناسب عنوان بھی تحریر کیجئے: 8,2

اس وقت وطن عزیز ایک آتش فشاں کے دہانے پر ہے۔ جو لوگ ان آتشیں شعلوں کی زد میں ہیں وہ آخرت کو سدھار رہے ہیں، جو بچ رہے ہیں جیتے جی مر رہے ہیں۔ شہر شہر اور قریہ قریہ کربلا کا منظر ہے۔ لوگ اپنے معصوم بچوں، بے گناہ عورتوں اور مردوں کے لاشے اٹھا اٹھا کر تھک چکے ہیں۔ ان کی نیندیں اُڑ چکیں، ان کے کھانے بے لذت ہو گئے کہ جلتے جسموں کے مناظر اور پیاروں کی چیخ و پکار ان کا پیچھا نہیں چھوڑتی۔ کتنا بڑا المیہ ہے کہ یہ سب کچھ دین اسلام کے نام پر ہو رہا ہے۔ وہ دین جس کا معنی ہی امن وسلامتی ہے۔ وہ دین جس کا پیغام حیات بخش ہے نہ کہ حیات کُش، جو دکھ درد بانٹنے کا درس دیتا ہے نہ کہ سُکھ چین چھین لینے کا، جو کشتِ انسانیت میں محبتوں کے پھول اُگانے کی بات کرتا ہے نہ کہ نفرتوں کے کانٹے بچھانے کی۔

www.Sayzlearn.com